خادم حسین

زبان میری ہے بات اُنکی

- پیپلز پارٹی ملک میں اقتصادی استحکام پیدا کرنا چاہتی ہے ۔ (نصرت بھٹو)

صرف پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے لئے ۔

- پتنگ ہاتھ نہ آئی ، زندگی کی ڈور کٹ گئی (ایک خبر)

پتنگوں کا کاروبار کرنے والے خدا کا خوف کریں

- اُردو زبان کے خلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے ۔ (عامر احسان ایم این اے)

لیکن رُعب جمانے کے لئے انگریزی بھی ضرور بولیں گے ۔

- ضیاء الحق کے قتل میں امریکہ اور پاکستان دونوں حکام ملوث ھیں (ایمکٹ)

ہر مُسافر کو خبر کر دو یہ میرے تجربے کا جوہر ہے

رہبروں کی فریب کاری سے رہزنوں کا خلوص بہتر ہے

- بے گناہ لوگ کب تک مرتے رھیں گے ! (جتوئی)

جب تک سیاست دان زندہ رھیں گے ۔

- رُوس میں کمیونزم کا خاتمہ ہو جائے گا ۔ (روس کے سرکاری اخبار کی پیش گوئی)

پاکستان میں سُرخ انقلاب لانے والوں کو مُبارک !

- مسئلہ کشمیر کا حل جنگ میں نہیں پُر امن مذاکرات میں ہے ۔ (پیر ریاض قریشی)

"جنگ کھیڈ نئیں ہوندی زنانیاں دی "

- مغربی جمہوریت ، امیر لوگوں کا گندا کھیل ہے ۔ (ظفر اللہ جمالی)

سچ بولیا ای سوہنیاں ! تینوں رب دیاں رکھاں ۔

- سُنّی، شیعہ اختلافات کی بات کرنے والے اسلامی اقدار کے دشمن ھیں۔

(آقائے علی قمی ۔ قونصل جنرل ایران مقیم لاہور)

تو پھر کہہ دو۔" صدیق، عمر، عثمان، علی، معاویہ، عائشہ، حفصہ رضی تعالیٰ عنہم"

- پیپلز پارٹی جلد ہی پنجاب میں حکومت بنالے گی۔ (پرویز صالح)

؎ تو کارِ سندھ را نکو ساختی ٭ کہ با پنجاب نیز پرداختی

- مہاجر علیحدہ قوم نہیں سرائیکیوں کی قومیت الگ ہے۔ مخدوم خلیق)

سرائیکی علیحدہ قوم نہیں —— سب پاکستانی ھیں۔

- پنجاب کے تعلیمی بورڈوں نے انگریزی کو ذریعہ تعلیم بنانے سے انکار کر دیا۔ (ایک خبر)

کہ ہر قوم کی تہذیب اسکی زبان کی آغوش میں پرورش پاتی ہے۔

- اپوزیشن لیڈر —— میرے دو بیٹوں کی بات کرتا ہے۔ (بے نظیر)

ہو ہائے —— وے با تینوں شرم نئیں آندی!

- تین سال سے پانچ سال کی عمر کے ۹ قیدی ۹ سال تک پولیس کے ریمانڈ ھاؤس میں سڑتے رہے (اے پی پی)

میرے ڈھول سپاہیا! تینوں کھڑی وِرچ ڈُکاں۔

- بے نظیر کے سر سے ابھی فوج کا بھوت نہیں اُترا۔ (فضل الرحمٰن)

"جادو وہ جو سر چڑھ کے بولے۔"

- مرتضیٰ بھٹو واپس آئے تو گولی کا نشانہ بن جائیں گے۔ (نُصرت بھٹو)

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔

- حکومتِ پنجاب نے گریڈ ۲۰ کے ایک ریٹائرڈ آفیسر (ایم اے عباسی) کو (پابندی کے باوجود) کنٹریکٹ پر ملازمت دے دی۔ (ایک خبر)

پوسٹ گریجوایٹ نوجوان بیکار پھر رہے ھیں، کچھ تو شرم کریں۔

- پارٹی سے وفاداری اور بے نظیر کی قیادت پر اعتماد میرے ایمان کا حصّہ ہے۔ (معراج خالد)

پیپلز پارٹی سے ایمان کی صفتوں میں سے ایک صفت۔

- قتل و غارت کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے (بے نظیر کی وزیر اعلیٰ سندھ کو ھدایت)

زبانی جمع خرچ سے کیا ہوتا ہے ۔

- قوم قرضوں کے بوجھ تلے دبی ہے ۔ قرضے نمازوں سے نہیں اُتریں گے ۔ (ڈاکٹر جاوید اقبال)

ڈاکٹر صاحب! قرضے آپ جیسے مذھب بیزار لوگوں نے مُلک پر مُسلّط کئے ھیں ، باقی نمازوں سے قرضے چڑھتے بھی نہیں ۔

- پی پی کارکنوں کے ہاتھوں محمد حسین آزاد کی پٹائی ۔ دفتر پر قبضہ کرلیا ۔ (ایک خبر)

بھوبڑ! ہور چوبڑ گئے ! . . .

- مولانا نورانی کی غلط پالیسیوں سے عورت کی حکمرانی کو فائدہ پہنچ رہا ہے ۔ (فضل کریم)

مولانا نُورانی ______ عورت کی حکمرانی ؟

ہونٹوں پر لاکھا پانوں کا ____ اور آنکھیں سُرمے دانی

- پیپلز پارٹی نے ھمیں ۲ کروڑ روپے رشوت دینے کی کوشش کی تھی ۔ (فضل الرحمٰن)

سراج دین پوری سجادہ نشین آف پیپلز پارٹی ؟ جواب دیں ۔

- آفتاب میرانی بھی قائم علیشاہ کی طرح شریف اور نرم آدمی ھیں ۔ (ریڈیو رپورٹ)

"ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے" ۔

- آمریت کے حامی ختم نہیں ، زیادہ منظم ہو گئے ھیں ۔ (بے نظیر)

غالباً اپنے بارے میں کہہ رہی ھیں آپ ۔

- ھم نے لوگوں پر اور کیس بنائے ہوں گے ۔ عورت کا کیس کبھی نہیں بنایا (ڈاکٹر غلام حسین)

عورتوں کو ھم ویسے ہی اغوا کر لیتے ھیں ۔

- سیاسی رہنما فرخندہ بخاری اور شاعر شہرت بخاری میں طلاق ہوگئی ۔ (ایک خبر)

- نیازی نے نورانی کو جمعیت سے نکال دیا ۔ (دوسری خبر)

گھر سے عورت اور بندوق سے گولی ، ایک دفعہ چلی تو توبہ ہی بھلی !

- پیپلز پارٹی ملک کو کس سانحہ کی طرف لے جا رہی ہے ۔ (ولی خان)

تو تم کھڑا کیا دیکھ رہا ہے خان ؟